دعوت فکر

عیسائی مسلم تعلقات پر ایک ماہانہ خبر نامہ (FOCUS) اسلامک فاونڈیشن لندن سے شائع ہوتا ہے- یہ اپنی طرز کا واحد اور بے مثال خبر نامہ ہے جسے مسلمان باوثوق مسیحی ذرائع ابلاغ کے حوالے سے مسلمانوں ہی کے لیے مرتب اور شائع کرتے ہیں- منتہائے مقصود یہ ہے کہ عالم اسلام اور دنیا میں جہاں کہیں مسلمان آباد ہیں ان معتبر معلومات سے جن کا تعلق مشنری سرگرمیوں ،عیسائی مسلم تعلقات پر اثر انداز ہونے والے واقعات اور مسیحی نظریے اور عمل کی رفتار و ترقی سے ہے، باخبر رہیں- انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد نے اس خبر نامے کی اہمیت اور افادیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کا اردو ترجمہ اسلامک فاونڈیشن کے اشتراک و تعاون سے شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے-

اس اہم اور دور رس اقدام کے نتائج و عواقب تو مستقبل ہی میں ظاہر ہونگے، سردست ہم گزارش کریں گے کہ "عالم اسلام اور عیسائیت" کی سلسلہ وار اشاعت کا مقصد مسیحی برادری کی سرگرمیوں کو معروضی انداز میں پیش کرنا ہے تاکہ ہمارے دینی، علمی اور تحقیقی ادارے اسلامی تعلیم و تحقیق کے تقاضوں کو عملی جامہ پہناتے وقت ان سے بھرپور استفادہ کرسکیں ہمارے مشائخ عظام، علماء کرام اور دانشور حضرات ان سے آگاہ ہوسکیں اور یہ ریکارڈ اردو دان طبقے کےلیے بھی کتب خانوں میں محفوظ رہے-

پرچے کے بارے میں ہم آپ کے تبصرے، مشورے اور تجاویز کا خیر مقدم کریں گے-

(نگراں)

یہ جائزہ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد نے اسلامک فاونڈیشن برطانیہ کے تعاون سے شائع کیا-